اگر ڈاکٹر وحید الزمان طارق کے پیشہ وارانہ روزناموں کو دھیان میں لایا جائے تو ماشا اللہ ایک طرف ان کا شمار ہماری قومی، عسکری تاریخ رقم کرنے والے ایسے اہلِ قلم میں ہوتا دیکھائی دیتا ہے کہ جہاں بڑے بڑے تخلیق کار شعری اور نثری ادب کی تخلیق میں نمایاں ہوئے اور آج بھی ان کی ادبی شہرت کی چمک ماند نہیں ہوئی۔ بہت سے نامی گرامی نام سامنے آتے ہیں۔ دوسری جانب اگر ان کے طب سے وابستہ شعبہ کا ذکر کیا جائے تو کئی نام دھیان کی منڈیر پر آ بیٹھتے ہیں مگر ڈاکٹر وحید الزمان طارق کو یہ اعزاز حاصل ہے اور کہ پاکستان میں پہلے شخص ہیں جو دونوں شعبہ جات سے وابستہ ہوتے ہوئے، فارسی اور اردو، دونوں زبانوں میں شاعری کرتے ہیں۔ ان سے پہلے ایک آدھ مثال شاعری کی ملتی ہے مگر وہ کسی ایک زبان کے تخلیق کار ہیں۔ یہاں ڈاکٹر صاحب کے تذکرے میں ایک بات یہ بھی ہے کہ انھوں نے علاقائی اور دوسری تہذیبی زبانوں سے بھی اپنے شغف کا ثبوت دیا جس کی ایک واضح مثال فارسی زبان وادب سے ان کا خصوصی لگاؤ ہے۔ گویا معروف معنوں میں ہم انھیں اسی درجے میں ماہر لسانیات بھی کہہ سکتے ہیں۔

زمزمہ احوال میں جہاں مختلف شخصیات کا ذکر ملتا ہے وہاں مختلف شہروں کا ذکر بھی بڑی محبت سے ملتا ہے۔ ان کے اس اردو شعری مجموعے کے مطالعہ سے چند اشعار آپ احباب کی نذر کرنا چاہوں گی جس سے ڈاکٹر صاحب کی شخصیت ابھر کر سامنے آتی ہے۔

ساقی پلائے جام تو ہم گفتگو کریں
رازو نیازِ عشق باہم گفتگو کریں

لاہور سے عقیدت ومحبت کی ذیل میں مختلف اشعار ہم پڑھتے سنتے رہتے ہیں مگر جو محبت اور عقیدت ڈاکٹر وحید الزمان طارق صاحب کی لاہور شہر سے ہے وہ انھیں منفرد بناتی ہے۔ اپنے لڑکپن اور جوانی کے شب و روز کا ذکر نظم 'لاہور' میں جس انداز سے کیا ہے وہ اپنی جگہ خاصے کی چیز ہے۔

جہاں کے کوچہ و بازار رستے
ہیں پر رونق وہ ہنستے اور بستے
جوانی کی مری معصوم یادیں
مرے جذبات کی موہوم یادیں
اسی گلشن سے وابستہ رہی ہیں
وہاں سو داستانیں ان کہی ہیں

نثری سطح پر ان کے کام کا سارا احوال ان کی ان متنوع موضوعاتی کتب میں شامل ہے۔ جہاں تک روزناموں کے احوال کی بات ہے اس کا ذکر آتے ہی جدید ادب کی عسکری ادبی روایت کے نثری بیانیے کے سب سے مقبول اور اپنے عہد کے بہت زیادہ پڑھے جانے والے فوجی افسران کی تحریریں دھیان میں آتی ہیں جو پاک فوج کے اعلیٰ افسر ہونے کے ساتھ ساتھ ایسے ہردل عزیز نثر نگار تھے کہ جنھوں نے اپنی پیشہ ورانہ تربیت کے دوران اپنی عسکری قومی مصروفیات کے احوال اس طرح لکھے کہ باقاعدہ نصاب میں شامل کر دیے گئے بلکہ انھیں سی۔ ایس۔ ایس کے اعلیٰ امتحان کے لیے منتخب مجوزہ کتب میں شامل ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ وہ دن دور نہیں کہ ڈاکٹر وحید الزمان طارق صاحب کی تحریریں بھی اس سطح کے نصاب کا حصہ بنیں گی۔ یاد رہے کہ ڈاکٹر وحید الزمان طارق کی فارسی شاعری کو یہ اعزاز حاصل ہو چکا ہے اور ان کی فارسی زبان میں لکھی گئی نظمیں گورنمنٹ کالج، (جی۔ سی۔ یو) لاہور کے شعبہء فارسی کے نصاب میں شامل کردی گئی ہیں۔

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ

جج فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ: دلا پانے خرچہ نان ونفقہ، بعنوان: یاسمین وغیرہ بنام محمد عمر' اشتہار بنام: محمد عمر ولد حامد علی قوم مسلم شیخ سکنہ چک نمبر 415 گ ب تحصیل وضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بزریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 24 فروری 2025 کو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سعدیہ عالم صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ اوکاڑہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: رخسانہ کنول بنام محمد حنیف' اشتہار بنام: محمد حنیف ولد محمد شریف سکنہ برج جیوے خاں تحصیل وضلع اوکاڑا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 25-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ شریفاں بی بی دختر محمد اسماعیل بیوہ عبدالرزاق سکنہ چک نمبر 31/2L تحصیل و ضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئی ہیں جن کی وراثت کے لیے رجوع کیا گیا ہے۔ جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان محمد احمد، محمد عمران، محمد اکرام پسران متوفیہ کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت میڈم فائزہ ریاض صاحبہ

سول جج کھاریاں

دعویٰ تنسیخ نکاح سویرا اسلم بنام محمد عرفان اشتہار بنام محمد عرفان ولد ملک وارث علی قوم ملک ساکن حافظ اباد روڈ سٹریٹ نمبر 2 محلہ کوٹ اسحاق لدھاوالہ وڑائچ تحصیل وضلع گجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 26-02-2025 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی کونسل میونسپل کمیٹی دیپالپور

نوعیت مقدمہ: طلاق نامہ عنوان مقدمہ: محمد طیب بنام مائلہ پروین نوٹس بنام: مائیلہ پروین دختر وزیر علی قوم بھٹی سکنہ احمد ٹاؤن اوکاڑہ روڈ دیپالپور ضلع اوکاڑہ (فریق اول) ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار میں فریق اول جو کہ مقدمہ عنوان بالا میں روپوش ہے۔ جس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 02-03-2025 بوقت 10 بجے دن اصالتاً دفتر ہذا میں حاضر ہوں۔ بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ المشتہر: چیئرمین ثالثی کونسل میونسپل کمیٹی دیپالپور)

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ نذیر احمد ولد غلام نبی سکنہ موضع میرک تحصیل وضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں جن کی وراثت کیلئے رجوع کیا گیا ہے۔ جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان زبیدہ بی بی بیوہ متوفی، ندیم پرویز، نعیم کاشف، نجمہ پروین، طاہرہ حنیف، عظمیٰ کامران پسران ودختران متوفی کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے۔ اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب

سول جج درجہ اوّل تحصیل چیچہ وطنی

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ' بعنوان: محمد نذیر وغیرہ بنام افتخار حیدر ولد دوست محمد قوم اعوان قطب شاہی سکنہ چک نمبر 116/12L تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر مورخہ 25-02-2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آ کر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ

جج فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ: دلا پانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ، بعنوان: نسیم ایمن بنام عمر فرید' اشتہار بنام: عمر فرید ولد اسماعیل قوم پروکہ کھرل سکنہ چک نمبر 621 گ ب تحصیل وضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بزریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 25 فروری 2025 کو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چاکر کیپار تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب احمد علی ولد جہانگیر متوفی بحق، وارثان بازگشت میں محمد سرور، سردار خاں، محمد انور (بعد میں فوت شد) پسران، قیوم بی بی، کلثوم بی بی (پہلے فوت شد)، جنت بی بی (پہلے فوت شد) دختران متوفی کے وارث میں شامل ہے اس کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ظہیر احمد صاحب

تحصیلدار تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 11 ون اے ایل تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب حنیفاں بی بی دختر عبدالعزیز متوفیہ بحق وارثان بازگشت میں عبدالرشید خاوند (بعد میں فوت شد)، عامر رشید، نوید رشید پسران، عابدہ رشید، ساجدہ رمضان، رضیہ افضل، آسیہ رشید دختران متوفیہ کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب احسان نواز ساہی صاحب سول جج کھاریاں

دعویٰ استقرار حق محمد مقیم بنام عوام الناس اشتہار منجانب محمد مقیم خان ولد محمد مشکیم خان قوم پٹھان ساکن لیاقت اباد کالونی لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس' ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 03-03-2025 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب اقبال کلیار صاحب

سول جج فیملی کورٹ عارف والا

دعویٰ: خرچہ نان ونفقہ، بعنوان: قاریہ رفیق وغیرہ بنام محمد زاہد فرید' اشتہار بنام: محمد زاہد فرید ولد ریحان طاہر سکنہ محلہ کوکنا نوالہ تحصیل وضلع پاکپتن پتہ دوکان طاہر کاج او ورلاک پرانی سبزی منڈی پاکپتن شریف۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اسلئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 28-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

سود: اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ سے اعلانِ جنگ

ارشادِ ربانی:۔ ☆ مگر جو لوگ سود کھاتے ہیں ان کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ کر دیا ہو (البقرۃ:275)

☆ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا سود میں سے باقی رہ گیا ہے، اسے چھوڑ دو، اگر واقعی تم ایمان لائے ہو۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔ اب بھی توبہ کرلو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایہ لینے کے تم حقدار ہو۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ (البقرۃ:79-278)

فرمانِ نبوی ﷺ

☆ سود مال کو گھٹاتا ہے اور صدقہ مال کو بڑھاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

☆ سات ہلاک کرنیوالی باتوں سے دُور رہو، ان میں سے ایک سود ہے۔ (بخاری)

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے سود لینے والے پر، سود دینے والے پر، اس کے گواہ پر اور اس کے لکھنے والے پر۔ (ابوداؤد)

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بھی سوٗد (کا لین دین) زیادہ کرتا ہے اس کا انجام مال کی کمی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ)

آئیے سود کیخلاف مہم میں ہمارا ساتھ دیں
منجانب: تحریک انسداد سود
insdadesood@gmail.com

بقیہ 1

مانیٹرنگ کریں گے سبزیوں اور پھلوں کے ریٹ روزانہ کی بولی کے مطابق دیے جائیں گے تاکہ عوام کو بہتر سے بہتر فروٹ سبزیاں مناسب ریٹ پر فراہم کی جاسکیں، کسی کو بھی ناجائز منافع خوری کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 2

روزہ آگاہی پروگرام کا انعقاد کرکے اس کمپین کو مکمل طور پر سپورٹ کیا' ڈاکٹر سمیرا نعیم، انچارج شعبہ کیمسٹری کو اس مہم کے لیے فوکل پرسن نامزد کیا گیا' ڈاکٹر سمیرا کا کہنا ہے اس اقدام سے خواتین طالبات کو بااختیار بنانے، انہیں مالیاتی خدمات تک زیادہ سے زیادہ رسائی دینے اور خواتین کے لیے مزید جامع اور مالی طور پر آزاد مستقبل کو فروغ دینے کی امید ہے۔

بقیہ 3

جس میں دہشتگردوں نے سنٹرل اسٹیشن ریسکیو 1122 پر فرضی حملہ کیا۔ واقعے میں ایک فرضی دہشتگرد مارا گیا اور ایک زخمی ہوا، جسے ریسکیو 1122 کے عملے نے فوری رسپانس دیتے ہوئے بروقت ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور سول اسپتال منتقل کیا۔ دیگر سیکیورٹی اداروں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے ریسکیو 1122 سنٹرل اسٹیشن کو فرضی دہشتگردوں سے آزاد کروالیا۔

بقیہ 4

کی ہیڈ ٹیچر اساتذہ، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر، اور علاقے کے لوگوں کی کاوشوں کو سراہا، انہوں نے کہا کہ، "سکول کی صفائی، پینٹنگ، چاکنگ، نظم وضبط، بچوں کے یونیفارم، بیجز، اور سب سے بڑھ کر اساتذہ اور بچوں کے جذبے کو دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر کی انتھک محنت اور لگن نے اس سکول کو ایک نئی پہچان دی ہے، ان کی قیادت میں سکول نے تعلیمی اور معیاری لحاظ سے قابلِ رشک ترقی کی ہے، ڈپٹی ڈی ای او محترمہ رضیہ سلطانہ" نے اپنی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے سکول کی ترقی و سربلندی کے لیے دعا کی، انہوں نے کہا، "محترمہ فوزیہ انور کی انتظامی صلاحیتوں اور تعلیمی ویژن نے اس سکول کو ایک مثالی ادارہ بنا دیا ہے، ان کی کاوشیں قابلِ تعریف ہیں، تقریب میں محترمہ راحیلہ جمیل نے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر اور ہیڈ معلمہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا، "انہوں نے نہ صرف سکول کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، بلکہ ان کی قیادت میں اساتذہ اور طلبا نے بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، ان کی لگن اور محنت نے اس سکول کو ایک مثالی ادارہ بنادیا ہے۔

بقیہ 5

ٹیکس نیٹ بڑھانا چاہتی ہے تو اسے نہ صرف ٹیکس دہندگان کو عزت دینا ہوگی بلکہ ان کے مسائل بھی حل کرنا ہوں گے۔ حکومت سے مطالبہ ہے کہ تاجروں سمیت ہر شعبے کیلئے الگ الگ فوکل پرسنز کی تعیناتی کرے جو حکومت اور مختلف تنظیموں کے درمیان پل کا کردار ادا کریں۔

بقیہ 6

احمد اہلحدیث ننکانہ میں شرکاء اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں تمام تحصیلوں کے امراء و ناظمین اور ضلع بھر کے عہدیداران، ذمہ دران، علماء اور کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ ملک ذوالقرنین ڈوگر سابقہ ایم پی اے، ملک شعیب ڈوگر، مولانا طارق ضیاء، مولانا عبدالمجید، مدثر عزیز، ڈاکٹر احمر، اسامہ چوہدری، حاجی محمد شریف اور حافظ محمد خان نے خصوصی شرکت کی اور امیر مرکزیہ ضلع ننکانہ مولانا عتیق الرحمٰن اظہر کو مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ مولانا عتیق الرحمٰن اظہر نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ رمضان المبارک کی آمد کے پیش نظر تبلیغ اور خدمت خلق کے کاموں میں زیادہ سے زیادہ تعاون کی اپیل کی۔ تمام شرکاء نے سینئر پروفیسر ساجد میر اور حافظ عبدالکریم کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور بلا مقابلہ امیر اور ناظم منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 7

رتی برابر بھی لغزش نہیں آئی، بشریٰ بی بی کو عمران کی کمزوری بنانے کی ساری تدبیریں بھی ناکام ثابت ہوئی ہیں۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پاکستان کی سیاست جیل میں ناحق قید عمران خان کے گرد گھومتی ہے، ہر طرح کے ظلم اور جبر کے باوجود عمران خان اپنی عوام کیلئے ڈٹ کر کھڑے ہیں اور یہی حکمرانوں کا اصل خوف ہے۔

بقیہ 8

رتی برابر بھی لغزش نہیں آئی، بشریٰ بی بی کو عمران کی کمزوری بنانے کی ساری تدبیریں بھی ناکام ثابت ہوئی ہیں۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پاکستان کی سیاست جیل میں ناحق قید عمران خان کے گرد گھومتی ہے، ہر طرح کے ظلم اور جبر کے باوجود عمران خان اپنی عوام کیلئے ڈٹ کر کھڑے ہیں اور یہی حکمرانوں کا اصل خوف ہے۔

بقیہ 9

عالمی ضمیر اپنا کلیدی کردار ادا کرے۔ اپنے ایک بیان میں محمد علی نے مزید کہا کہ اسرائیل کی طرف سے ایک سال سے جاری بدترین جارحیت بند ہونے کے باوجود فلسطینیوں کو تنہا نہیں چھوڑا جاسکتا، انہیں اس وقت بڑے پیمانے پر تعلیمی اور طبی مراکز سمیت زندگی بچانے والی ادویات اور خوراک کی اشد ضرورت ہے۔ غزہ میں جدید شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے فوری بڑے پیمانے پر اقدامات کرنا ہوں گے۔ اسرائیلی جارحیت کے نتیجہ میں شہید ہونیوالے ہزاروں شیرخواروں اور فلسطینیوں کے ساتھ ہونیوالی بدترین ناانصافی کا تو کسی کے پاس کوئی جواب نہیں تاہم جو زندہ اور زخمی ہیں انہیں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت کی آغوش میں جانے سے بچالیا جائے۔

بقیہ 10

کرنیوالے خوارج کا پاکستان میں دندناتے پھرنا خارج از امکان ہے۔ جو شرپسند عناصر ہمارے محبوب وطن پاکستان اور افواج پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا اس کیلئے زندگی جہنم بنادیں گے۔

بقیہ 11

بیچنے نہیں دے رہی تھی اسی بات پر لڑائی جھگڑا ہوتا' گزشتہ روز ناشتہ کرتے ہوئے بھائی نے بہن کی گردن کاٹ کر اسے قتل کردیا۔ ذرائع کے مطابق پڑوسیوں نے بھی تین دن قبل چوکی سٹی میں پولیس کو اطلاع دی تھی کہ یہ شخص اپنی بہن کو قتل کرنے کی دھمکیاں دیتا رہتا ہے اس کے خلاف کارروائی کی جائے مگر پولیس نے کوئی ایکشن نہ لیا اور اب یہ افسوسناک واقعہ رونما ہوگیا۔

بقیہ 12

میں سابق MPA خالد غنی چوہدری بطور مہمان خصوصی، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ اسفندیار بطور مہمان اعزاز، میاں صابر حسین، میاں غضنفر عباس کاٹھیا، مہر حنیف سیال، میاں مشتاق حسین، حافظ عبداللہ، صدر شورکوٹ پریس کلب رانا شاہد، صدر سٹی پریس کلب علیم مغل، غلام شبیر طاہر صدر نیشنل پریس کلب اور آل پاکستان پرائیویٹ سکول اینڈ کالج ایسوسی ایشن کے عہدیداران وممبران نے شرکت کی۔

بقیہ 13

میں کوئی کوشش نہیں کی لہٰذا قصور انتظامیہ سے گزارش ہے کہ جلد سے جلد کھلے ہوئے نالوں اور گٹروں کو فوری طور پر بند کیا جائے تاکہ کسی بڑے حادثے سے بچا جاسکے۔ کیا انتظامیہ کسی نقصان کا انتظار کررہی ہے۔

بقیہ 14

جانے والی زبان ہے۔ اس کے بعد دوسرا نمبر انگریزی زبان کا ہے۔ دنیا میں 32 کروڑ افراد کی مادری زبان انگریزی ہے' اردو اور ہندی معمولی فرق سے لگ بھگ ایک ہی طرح سے بولی جاتی ہیں۔ اگر ان کو ایک ہی زبان تصور کیا جائے تو دنیا میں تیسری سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان اردو ہے۔ اس کے علاوہ ہسپانوی اور عربی زبانوں کا شمار بھی دنیا میں بولی جانے والی بڑی زبانوں میں ہوتا ہے۔

بقیہ 15

رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ انصاف کے نظام کو بھی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے جس کیلئے اصلاحات کی طرف بڑھنا ہوگا۔ چیف جسٹس آف پاکستان کی جانب سے اصلاحات کی غرض سے ملاقاتیں خوش آئند ہیں جس کے یقینی طور پر مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

بقیہ 16

پیداواری صلاحیت اپ گریڈ ہوگی اور ملک کے اندر معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ مسلم لیگ (ن) کے اقتدار میں آنے سے معیشت آئی سی یو سے باہر آئی ہے، ریاست پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کا کریڈٹ انتھک شہباز شریف کو جاتا ہے۔

بقیہ 17

تارڑ نے کہا کہ نوجوانوں کو یہ جاننا ضروری ہے کہ پاکستان کا قیام کیوں ضروری تھا؟ اس ملک کی بنیادوں میں لاکھوں لوگوں کا خون شامل ہے، آزاد وطن کے لئے لاکھوں افراد نے بہت مصائب برداشت کئے۔ انہوں نے کہا کہ دوقومی نظریہ ایک حقیقت ہے، سرحد پار اقلیتوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جاتا ہے، دوقومی نظریے کی جتنی ضرورت آج ہے اتنی پہلے کبھی نہیں ہوئی، غزہ، فلسطین، کشمیر میں مظالم کا نام لیں تو سوشل میڈیا پر سناٹا چھا جاتا ہے، اے آئی اور نئی ٹیکنالوجی کے تحت ان مظالم پر کی جانے والی پوسٹس پر لائیکس کم ہو جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہم جو کچھ بھی ہیں پاکستان کی وجہ سے ہیں، پاکستان ہے تو سیاست ہے، تحریک پاکستان میں نوجوانوں کا اہم کردار تھا، ملکی ترقی میں نوجوان اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ دنیا میں کسی جگہ بغیر فیس وصول کئے لیپ ٹاپ نہیں دیئے جاتے۔

بقیہ 18

طور پر ابھر رہا ہے، جس کے ذریعے افیون، ہیروئن، اور نشہ آور ادویات افریقی اور امریکی ممالک تک پہنچائی جا رہی ہیں۔ اقوام متحدہ کی اینٹی ڈرگ ایجنسی (یو این او ڈی سی) اور بی بی سی کی حالیہ رپورٹس میں انکشاف ہوا ہے کہ بھارت سے اسمگل ہونے والی افیون اور دیگر نشہ آور کیمیکل صحت عامہ کے لیے شدید خطرہ بنتے جا رہے ہیں۔ یو این او ڈی سی کے مطابق، بھارت میانمار سے لے کر وسطی امریکہ اور افریقی ممالک تک غیر قانونی منشیات کی فراہمی کا ایک اہم مرکز بن چکا ہے۔ حال ہی میں نائیجیریا کی منشیات کنٹرول ایجنسی (این ڈی ایل ای اے) نے بھارت سے سپلائی ہونے والی 100 ملین ڈالر سے زائد مالیت کی افیون اور دیگر منشیات ضبط کیں۔ نائیجیریا میں 40 لاکھ سے زائد افراد بھارت سے اسمگل شدہ افیونی ادویات کے عادی ہو چکے ہیں، جبکہ حکومت نے 2018 میں ان پر پابندی بھی عائد کی تھی، مگر اس کے باوجود اسمگلنگ جاری ہے۔ گھانا اور نائیجیریا بھارت سے افیون اور نشہ آور ٹراماڈول کے سب سے بڑے متاثرہ ممالک میں شامل ہیں۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق، بھارت میں تیار کی جانے والی افیون کی قسم "ٹفرادول"، "ٹائماکنگ" اور "ٹراماڈول" جیسی نشہ آور ادویات نائیجیریا اور دیگر افریقی ممالک میں پہنچ رہی ہیں۔

بقیہ 19

نواز کی ہدایت پر اٹلی کے ساتھ ڈیری کے شعبے میں تعاون بڑھانے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ اٹلی کی طرز پر پنجاب میں جدید ڈیری فارمنگ، دودھ، پنیر کی پیداوار اور ترسیل کے عالمی معیار کا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ اٹلی کے ڈیری کے شعبے کے سرمایہ کار وفد نے سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب اور وزیر لائیو سٹاک عاشق حسین سے ملاقات کی۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں ایک ہزار بھینسوں کا پہلا آزمائشی منصوبہ پاک پتن، مظفرگڑھ اور جھنگ میں شروع ہوگا۔ اعلیٰ نسل کی بھینسوں کی افزائش، دودھ کی پیداوار بڑھانے، پیکجنگ اور برآمدی معیار بڑھانے پر مل کر کام ہوگا۔ دودھ ٹھنڈا کرنے اور محفوظ بنانے سمیت ڈیری کے شعبے میں جدید مشینری متعارف ہوگی۔

بقیہ 20

عرب امارات سمیت 6 مختلف ملکوں سے مزید 48 پاکستانیوں کو بے دخل کردیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب سے بلیک لسٹ، بغیر پاسپورٹ، سزا پوری کرنے، زائد المیعاد کام، کفیل کے بغیر کام اور کام سے مفرور ہونے پر 31 افراد کو ڈی پورٹ کیا گیا ہے جبکہ عمان سے بلیک لسٹ، ویزا ختم ہونے اور غیر قانونی طور پر عمان میں داخل ہونے پر 12 پاکستانیوں کو نکالا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ امارات سے 2، قطر سے 1 اور آذربائیجان میں امیگریشن نے ناپسندیدہ قرار دے کر 1 پاکستانی کو بے دخل کیا جبکہ ڈی پورٹ کئے گئے 5 افراد کو لاڑکانہ، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، حیدرآباد اور درخشاں پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں امیگریشن ذرائع کے مطابق عراق، عمان اور سعودیہ کے وزٹ ویزوں کے 3 مسافروں کو بلیک لسٹ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ عراق، یونان، آذربائیجان، سری لنکا، تھائی لینڈ اور فلپائن کے وزٹ ویزوں کے 13 مسافروں جبکہ بحرین اور سعودیہ کے ورک ویزوں کے 7 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 21

پر کھڑی ہے، معاشی اشاریے درست، کرنسی میں استحکام ہے، اس سال کے بجٹ کی تیاری شروع کر دی ہے، ہم تاجر برادری کے ساتھ گفتگو کرکے بجٹ پر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کی اصلاحات پر بھی کام جاری ہے، ٹیکس اتھارٹی میں اصلاحات لارہے ہیں تاکہ لوگ ٹیکس پسند کریں، مینوفیکچرنگ انڈسٹری اور سیلری کلاس طبقے پر بوجھ پڑا ہے، تمام شعبوں کو معیشت میں اپنا کردار ادا کرنا پڑے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ معاشی لحاظ سے ہم آگے کی طرف بڑھ رہے ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا، گروتھ کو تسلسل کیساتھ آگے لیکر جانا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ سٹہ بازی نہیں چلے گی اور نہ ہم سپورٹ کریں گے، سعودی عرب، دبئی، واشنگٹن اور دیگر ممالک سے ہوکر آیا ہوں، مجھے کہیں بھی اوورسیز کی ناراضگی نظر نہیں آتی، ہم اوورسیز پاکستانیوں کے مشکور ہیں، امید ہے اس سال ترسیلات 35 بلین کے قریب ہوجائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں بھی بتدریج اضافہ ہورہا ہے، حکومت جو کررہی ہے کررہی ہے اصل کام پرائیویٹ سیکٹر کو کرنا ہے، اس ملک کو پرائیویٹ سیکٹر نے ہی آگے لیکر جانا ہے، ہمیں پالیسی فریم ورک اور پالیسی کے تسلسل سے پرائیویٹ سیکٹر کو سپورٹ کرنا ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے مزید کہا کہ ہماری ہر مکمل سپورٹ اور دعائیں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ساتھ ہے، پاکستانی کرکٹ ٹیم کھل کر اور جم کر کھیلے۔

بقیہ 22

شریف کے سجادہ نشین پیر طریقت رہبر شریعت پیر نقیب الرحمان کے کامیاب دورہ سیالکوٹ کی خوشی میں ظہرانہ دیا۔ ظہرانے میں سجادہ نشین آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف پیر محمد نقیب الرحمان کے احکامات کی روشنی میں خلیفہ مجاز رانا ضمیر اختر نقیبی نے نوافل ادا کروائے جس میں آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف کے مریدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ نماز نفل کی ادائیگی کے بعد شرکا کی تواضع کے لیے بہترین اقسام کے کھانے پیش کیے گئے۔ تقریب کے آخر میں خلیفہ مجاز رانا ضمیر اختر نقیبی نے دعائے خیر کی۔ چوہدری مقصود علی وڑائچ آف کمانوالہ، چوہدری شاہد محمود علی وڑائچ آف کمانوالہ، چوہدری فرحت عباس ایڈووکیٹ آف کمانوالہ، خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف راولپنڈی رانا ضمیر اختر نقیبی، ملک محمد اشرف نقیبی، ملک اویس نقیبی کمانوالہ، محمد فیاض نقیبی آف دیت، شمس الرحمٰن آف جھائی و دیگر بھی اس موقع پر یہاں موجود تھے۔

بقیہ 23

دوران پنجاب کے بیشتر اضلاع میں تیز ہوا چلنے اور بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مری اور گلیات سمیت دیگر پہاڑی علاقوں میں بارش اور برفباری کا بھی امکان ہے۔ 25 سے 28 فروری کے دوران لاہور، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، فیصل آباد، شیخوپورہ، نارووال، میانوالی، سیالکوٹ، سرگودھا، بھکر، خوشاب، حافظ آباد، گجرانوالہ، منڈی بہاؤالدین اور گجرات میں بارش کا امکان ہے۔ 25 سے 27 فروری تک ملتان، ڈیرہ غازی خان، لیہ، مظفرگڑھ، خانیوال، ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ اور بہاولنگر میں بھی ہلکی بارش کے امکانات ہیں، بارش کے ساتھ پہاڑی علاقوں میں برفباری بھی متوقع ہے۔

بقیہ 24

ارشد سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری طارق محمود باجوہ سمیت دیگر سیاسی نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع ایڈیشنل ڈپٹی ریونیو شہرینہ غلام مرتضیٰ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف کے علاوہ مختلف محکموں کے سربراہان بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ضلع کی امن وامان کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی، بھل صفائی مہم کی پیش رفت سمیت سی ایم انیشیٹو زیر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ضلع ننکانہ صاحب کیلئے تجویز کردہ سالانہ ترقیاتی پروگرام اور انسداد تجاوزات مہم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب تسلیم اختر راو نے تجاوزات کے خلاف کی جانے والی کاروائیوں، صفائی ستھرائی اور حکومتی اقدامات کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق افسران حکومتی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں مفاد عامہ کی سکیموں کو شامل کیا جائے تاکہ لوگوں کو سہولیات بہم پہنچائی جاسکیں۔ انہوں نے ایکسین ایریگیشن کو ہدایت کی کہ بھل صفائی کے کاموں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے۔ کنوینئر ڈی سی سی نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام میں بہتری لانے جبکہ ضلعی انتظامیہ کو ستھرا پنجاب کی سختی سے مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔ ممبران اسمبلی نے ضلعی افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے اور منصوبوں میں شفافیت اور پائیداری کو یقینی بنایا جائے، عوام الناس کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔

بقیہ 25

پاکستان کی معاشی طاقت ہیں ہماری آبادی کی تقریباً 52 فیصد خواتین زندگی کے ہر شعبے میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں ان خیالات کا اظہار معروف سماجی شخصیت اور چیئرمین ایڈوائزری کمیٹی صنعت زار جھنگ مہر آصف مکھیانہ سیال نے معروف سوشل ایکٹیوسٹ وسینئر صحافی مہر ریاض نول سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسی خواتین بھی ہیں جو اپنی ہنرمندی سے دوسروں کے گھروں کی خوب صورتی میں چار چاند لگاتی ہیں لیکن ان کی اپنی زندگی رنگین نہیں ہوتی، جس کی بنیادی وجہ ان کا غیر تعلیم یافتہ ہونا، غربت اور بے بسی ہے۔ ہم ان گھریلو ہنرمند خواتین پر ذرا برابر بھی توجہ نہیں دیتے اسی طرح سلائی کرنے والی خواتین جو کپڑوں پر لیس لگاتی ہیں وہ بھی صرف ماہانہ 1200 سے 1500 تک مزدوری حاصل کرپاتی ہیں۔ ان تمام خواتین پر پورے کنبے کی کفالت کا بوجھ ہوتا ہے اور یہ پیسے ان کے خاندان کے لئے ناکافی ہوتے ہیں۔

بقیہ 26

14 واں کیریئر فیئر کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، سابق وائس چانسلر یو ای ٹی پروفیسر ڈاکٹر منصور سرور، سابق ریکٹر ورچوئل یونیورسٹی ڈاکٹر نوید ملک، ڈین فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر شہزاد سرور، سینئر ریسرچ سائنٹسٹ موٹو نعمان شیخ، صدر اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن ڈاکٹر امجد عباس خان مگسی، آسا، سنڈیکیٹ اور سینیٹ کے اراکین، فیکلٹی ممبران اور طلبا و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق گریجویٹس کی تیاری کیلئے نصاب تیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں ایک ہی چھت تلے معروف کمپنیوں کے سٹالز یقیناً طلباء کو جاب مارکیٹ کے بارے میں جاننے کا موقع فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹری اور اکیڈیمیا کے درمیان مضبوط روابط ملکی معیشت کے لیے بھی اہم ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر شہزاد سرور نے کہا کہ تقریب کو اسٹیوسورٹ پاکستان نے سپانسر کیا ہے جس میں سافٹ ویئر انڈسٹری کی 60 سے زائد سرکردہ آئی ٹی کمپنیوں نے اپنے سٹالز لگائے ہیں تاکہ کمپیوٹر سائنس، سافٹ ویئر انجینئرنگ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ڈومینز سے تعلق رکھنے والے تقریباً 500 ایف سی آئی ٹی کے گریجویٹس کی خدمات حاصل کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ان مصنوعات اور خدمات پر مبنی آئی ٹی کمپنیوں نے سال 2024 میں پاکستان کی معیشت میں 3.2 بلین امریکی ڈالر کا حصہ ڈالا، جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 24 فیصد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی آئی ٹی معیاری آئی ٹی تعلیم کی فراہمی اور سافٹ ویئر انڈسٹری کی عالمی مارکیٹ میں پاکستان کا حصہ بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی آئی ٹی پاکستان کا پبلک سیکٹر کا صف اول کا ادارہ ہے جو ایسے ہنرمند گریجویٹس تیار کررہا ہے جو ملٹی نیشنل اور نیشنل آئی ٹی کمپنیوں میں اہم عہدوں پر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شریک کمپنیوں نے انٹرویوز اور ابتدائی بھرتی کے ٹیسٹ کیے، سی ویز اکٹھے کیے، تکنیکی رجحانات پیش کیے اور طلباء کے ساتھ دستیاب مواقع کی ملازمت کی تفصیلات/ وضاحتیں شیئر کیں۔ پروفیسر ڈاکٹر شہزاد سرور اور پروفیسر ڈاکٹر کامران ملک نے وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، معزز مہمانوں اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ کیریئر فیئر میں طلباء کو سکالرشپ اور انٹرنیشپ بارے بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ اس سال مختلف سٹیٹ آف دی آرٹ فائنل ایئر پراجیکٹس بھی پیش کیے گئے جنہیں شرکاء کی جانب سے پذیرائی ملی۔

بقیہ 27

مزار قائد پر حاضری کے بعد پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لطیف کھوسہ کا کہنا تھا کہ آئین کو کاغذ کا ایک ٹکڑا سمجھ لیا گیا ہے، ملک کو ترقی کی راہوں پر گامزن کرنا ہے تو آئین پر عملدرآمد کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے کہا تھا عوام ہی حکمران ہیں، ہمارے ہاں بے راہ روی آگئی ہے، کچے اور پکے کے ڈاکوؤں نے دھرتی ماں کو ڈھانچہ بنا کر رکھ دیا ہے۔ لطیف کھوسہ کا مزید کہنا تھا کہ 180 سیٹیں جیتنے والا اڈیالہ جیل اور 17 سیٹیں جیتنے والا وزیراعظم ہے، اس سے پہلے ایسا ظلم نہیں ہوا۔

بقیہ 28

گھروں میں کام کرنے کے بہانے وارداتیں کرنے والا خواتین کا 3 رکنی ہاؤس رابر گینگ گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو ٹیلیفون لوکیشنز اور جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کر کے امر سدھو سے گرفتار کیا، 2 خواتین اپنے بھانجے کے ساتھ بوستان کالونی میں واقع گھر میں کام کرتی تھیں۔ چند روز قبل خواتین گھر والوں کی غیر موجودگی میں چوری کر کے فرار ہوگئیں تھیں۔ تینوں ملزمان ضلع بہاولپور کے رہائشی ہیں اور 2 سال سے لاہور میں مقیم تھے۔ ملزمان میں صبا، فاطمہ اور بھانجا اسد اللہ شامل ہے، مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس پی اخلاق اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ عوام سے التماس ہے اپنے ملازمین کی ہڑتال متعلقہ تھانے سے لازمی کروائے۔

بقیہ 29

مارکیٹ ذرائع کے مطابق چند روز میں انڈے فی درجن 230 سے بڑھ کر 272 روپے کے ہوگئے ہیں، چھوٹے گوشت کی قیمت 200 روپے اضافے سے 2500 روپے کلو جبکہ بڑا گوشت 1100 سے بڑھ کر 1400 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ چینی 124 روپے سے بڑھ کر 155 اور 160 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، اسی طرح سیب، کیلا، خربوزہ، کینو اور اسٹرابیری کی قیمت میں 100 سے 300 روپے تک اضافہ ہو چکا ہے۔ دوسری جانب کنزیومر ایسوسی ایشن کے مطابق انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، سرکاری ریٹ لسٹ پر عمل نہیں ہو رہا اور منافع خور اپنی مرضی سے قیمتیں وصول کر رہے ہیں۔

بقیہ 30

دعا کی اور پھول چڑھائے۔ وفد میں سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، سردار لطیف کھوسہ، سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مسرور سیال، کراچی کے صدر راجا اظہر، سابق ایم این اے فہیم خان، سندھ اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر شبیر قریشی، اراکین اسمبلی سجاد علی سومرو، چوہدری اویس، داوا خان صابر، سمیت شامل تھے۔ انتظامیہ کی جانب سے پی ٹی آئی مرکزی رہنماؤں کی گاڑیوں کو وی آئی پی گیٹ کے اندر سے جانے کی اجازت نہیں دی گئی، جس کے بعد پی ٹی آئی مرکزی قائدین پیدل چل کر مزار قائد پہنچے۔

بقیہ 31

میں 100 فٹ روڈ پر دریائے راوی کنارے سے نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق تشدد زدہ اور پھندا لگی لاش دریا کنارے واقع ایک کمرے سے ملی۔ مقتول کی عمر 20 سال کے قریب ہے، جس کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس کارروائی کے بعد ایدھی رضا کاروں نے لاش مردہ خانے منتقل کردی۔

بقیہ 32

میں اس وقت دھونس، دھاندلی اور فریب کا نظام قائم ہے، ہمیں اس نظام کو ختم کرنا ہوگا۔ کراچی میں مزار قائد پر حاضری کے بعد پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ ہم وہ سیاست کررہے ہیں جو قائداعظم اور علامہ اقبال کی سیاست تھی، کراچی وہ شہر ہے جس نے پی ٹی آئی کو الیکشن میں 22 سیٹیں دیں، کراچی سے پی ٹی آئی کی 22 سیٹیں چرائی گئیں، ہم سندھ اور کراچی کے حق کیلئے کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیاست کو عبادت سمجھتے ہیں، ہمیں اقتدار کی ہوس نہیں، عوام کو آزادی دلانی ہے، اس وقت دھونس اور فریب کا نظام قائم ہے، جس کو زمین بوس کرنا ہے، ہم قائداعظم کے مزار پر آئے ہیں، قائداعظم نے کہا تھا ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں رہے، پاکستان میں طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں کوئی اور نہیں، نہ ہوسکتا ہے۔ سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ آج مزار قائد سے اپنے اندر ایک نئی تحریک پیدا کریں گے جو پورے پاکستان میں پھیلے گی، آج جو صورتحال ہے وہ ملکی تاریخ میں کبھی نہیں دیکھی، ہم پوری صحافی برادری کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان کے ہر شہری کا گلا گھونٹا گیا ہے، ہمارا آئین اظہار رائے کا حق دیتا ہے، پیکا ایکٹ بدترین مثال ہے ایک بنیادی حق کو جرم بنادیا گیا ہے۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے خطوط میں دوٹوک کہا کہ آئین وقانون کے مطابق حدود میں رہا جائے۔

بقیہ 33

آمد پر خوش آمدید کہا۔ اکرام الحق نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بہترین قریبی تعلقات ہیں جن سے دونوں ممالک کی عوام مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے ترکیہ اور پاکستان کے درمیان باہمی تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے ہر ممکن مخلصانہ کوششیں کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی احترام، افہام وتفہیم، امن اور سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے مشترکہ وژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی وفود کے تبادلے سے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارتی اور کاروباری تعلقات کو مزید فروغ دینا چاہیے۔ اس موقع پر ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارتی حجم بڑھے گا جو کہ ضروری بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین مضبوط برادرانہ تعلقات ہیں اور ان تعلقات کو باہمی تجارت اور اقتصادی شراکت داری میں نظر آنا چاہئے، انہوں نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی دستاویزی فلم "سیالکوٹ دی سٹی آف پروگریسو پیپل" میں بھی گہری دلچسپی ظاہر کی جو اس اجلاس کے دوران دکھائی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ممالک خوشگوار تعلقات سے لطف اندوز ہو رہے ہیں جو انتہائی خوش آئند بات ہے۔ اجلاس کے اختتام پر صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اکرام الحق کی جانب سے معزز مہمانوں کو سیالکوٹ چیمبر کی یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔ سابق ایگزیکٹو رکن سیالکوٹ چیمبر آف کامرس سیدہ شبینہ گیلانی، سابق ایگزیکٹو رکن وومن چیمبر آف کامرس سیالکوٹ مس لبنیٰ تبسم ایڈووکیٹ، ایگزیکٹو رکن سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اعجاز احمد غوری و دیگر بھی اس موقع پر یہاں موجود تھے۔

بقیہ 34

کے زیر صدارت حکومتی پالیسیوں اور فیصلوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا پہلا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاک آرمی، پاکستان رینجرز، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ایس ای گیسکو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل سمیت دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمیٹی ٹی او آرز پر عملدرآمد کیلئے لائحہ عمل طے کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گورننس کی بہتری اور حکومتی پالیسیوں اور فیصلوں پر عملدرآمد کیلئے ضلع کی سطح پر کوارڈینیشن کمیٹی قائم کی ہے جو انسداد دہشتگردی پر ضلع کی سطح پر ایکشن پلان ترتیب دے گی۔ بجلی چوری، منشیات کی سمگلنگ، نان کسٹم گاڑیوں، غیر قانونی پٹرول پمپس، تجاوزات، غیر قانونی تعمیرات، بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرے گی۔ یہ کمیٹی مدرسہ اور مسجد اصلاحات کے نفاذ اور مدارس کی رجسٹریشن، ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانے سمیت تمام ٹی او آرز پر سو فیصد عملدرآمد کو یقینی بنائے گی۔ اس کے علاوہ ڈس انفارمیشن اور ریاست کیخلاف پروا پیگنڈا کی روک تھام کریگی۔ ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی نے کہا کہ تمام محکمے باہمی روابط سے متحرک ہو کر ذمہ داریاں ادا کرینگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے گا اور کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی کی اجازت نہیں دی جائیگی جس کیلئے تمام احساس ادارے اور محکمے مل کر کام کریں گے۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس باقاعدگی کے ساتھ ہوا کرے گا۔

بقیہ 35

کارروائی کر کے پتنگ فروش کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے 7 ہزار سے زائد پتنگیں اور 6 ہزار سے زائد ڈور اور کیمیکل برآمد ہوئے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز کے مطابق پتنگ فروشی ایک جرم ہے جس سے سختی سے نمٹا جارہا ہے۔

بقیہ 36

اور علاج مریضوں کی عیادت کی۔ ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال نے اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ عثمان غنی کے ہمراہ شہر کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن کو ہدایت کی شہر میں صفائی ستھرائی سمیت دیگر میونسپل سروسز کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈسکہ میں مین ہول کور پر توجہ دی جائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی مین ہول کور کھلا نہ رہے۔

بقیہ 37

کرنسیوں میں نیا پاکستان روایتی سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں کمی کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستانی کرنسی میں 12 ماہ کی مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 850 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 21.50 فیصد سے کم کرکے 13 فیصد کر دی گئی۔ امریکی ڈالر میں 12 ماہ کی مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 200 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 9 فیصد سے کم کرکے 7 فیصد کردی گئی ہے، برطانوی پاؤنڈز میں 12 ماہ مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 75 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 8 فیصد سے کم کرکے 7.25 فیصد کردی گئی۔ اسی طرح یورو میں 12 ماہ مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 175 بیسز پوائنٹس کی کمی کے بعد 7 فیصد سے کم کرکے 5.25 فیصد کردی گئی ہے۔

بقیہ 38

پارک میں امریکی شکاری نے مارخور کا کامیاب شکار کرلیا۔ چترال کی رمبور ویلی میں پہلے شکار پر کیلاشی خواتین اور مردوں نے رقص کیا اور جشن منایا۔ امریکی شکاری جیمز داکر کرافورڈ نے 42 ہزار 500 امریکی ڈالر (تقریباً 1 کروڑ 19 لاکھ روپے) ادا کرکے 10 سال کی عمر کے مارخور کا شکار کیا۔ وادی میں پہلی بار مارخور کے شکار پر کیلاشی مرد اور خواتین نے روایتی رقص کرکے خوشی کا اظہار کیا۔

بقیہ 39

کیانی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کو انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے چوکی علی آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ ڈی پی او نے شہریوں کے مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری کئے۔ ڈی پی او نے شہریوں سے منشیات فروشی کی صورتحال اور ٹاؤٹوں کی مداخلت کے بارے استفسار بھی کیا جس پر شہریوں نے کھلی کچہری میں جرائم کے خلاف موثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے اعتماد کا اظہار کیا اور شہریوں کی نشاندہی پر ڈی پی او کی طرف سے پولیس افسران کو قحبہ خانوں کے خلاف کریک ڈاؤن کی تنبیہہ کی گئی۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل کو انکی دہلیز پر حل کرنے کیلئے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ منشیات فروشی کے خاتمے کیلئے جھنگ پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ پبلک سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 40

ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں حکومت پاکستان اور اس کے اداروں کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اعادہ کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کمیونٹی لیڈر راجہ محمد خالد اور فرید خان ریلی اور سیمینار کے لئے رابطہ کار تھے۔ جاری بیان کے مطابق شرکا نے قومی پرچم، پاک فوج کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے والے بینرز اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی تصویریں اٹھا رکھی تھیں، تقریب قومی ترانے اور ملی نغموں سے گونجتی رہی۔ کشمیری رہنما سردار صادق خان نے قومی امن کی خاطر دی گئی قربانیوں کو اجاگر کیا جبکہ کمیونٹی رہنما راجہ محمد خالد نے تارکین وطن پر زور دیا کہ وہ پاکستان کے استحکام کے لیے اپنی صلاحیتیں وقف کریں۔

بقیہ 41

شعبے کو مستحکم بنانے کے لیے ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے حکومتی کاوشیں جاری ہیں۔ گیس کی پیداوار میں اضافے کے لیے نئی پالیسی متعارف کرائی گئی ہیں جس سے 35 فیصد نجی سرمایہ کاری کی راہیں ہموار ہونے کا امکان ہے۔ اس نئی پالیسی کا بنیادی مقصد توانائی کے شعبے میں سرکاری و نجی شراکت داری کو یقینی بنانا ہے۔ پالیسی کے باعث توانائی کا شعبہ 5 ارب ڈالر تک کی سرمایہ کاری حاصل کر سکے گا۔ صدر یونائیٹڈ انرجی پاکستان، محمد ظہیر عالم کے مطابق نئی پالیسی توانائی کے شعبے کی ترقی کی جانب اہم قدم ہے۔ چیئرمین پاکستان انسٹیٹیوٹ آف پیٹرولیم، علی مرتضیٰ عباس نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے ماڑی پیٹرولیم کی جانب سے گیس کی دریافت اہم کامیابی ہے۔ سی ای او، او جی ڈی سی، احمد حیات نے امید ظاہر کی کہ گیس کی خرید وفروخت کے سلسلے میں صوبوں کی شراکت داری میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ پاکستان کی توانائی پالیسی سے مقامی گیس کی فراہمی میں استحکام، غیر ملکی ذخائر کی بچت کا امکان ہے۔ نئی پالیسی کے ذریعے روزگار کے مواقع سمیت اقتصادی ترقی میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پالیسی سطح پر کیے جانے والے حکومتی اقدامات قابل ستائش ہیں۔

بقیہ 42

جنرل سیکرٹری چوہدری نعمان گل، ملک محمد عدیل، مولانا عبدالواحد، رانا رئیس احمد، شیخ سعد اعظم، حکیم کاشف، اشتیاق منہاس، نزاکت خان، عبد القیوم، عامر بلوچ، خواتین ونگ کی راہنما محترمہ ثمینہ اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کی میزبانی مفتی حسن، چوہدری محمد اکرام، مشاہد عمر، حافظ اسداللہ نے کی۔ اس دوران مولانا حافظ محمد عمیر الغزالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جھنگ کو ڈویژن نہ بنایا گیا تو ہم احتجاج کا دائرہ جھنگ سے لاہور تک بڑھائیں گے جھنگ کا ہر وہ باسی جس کا تعلق جھنگ سے ہے وہ دنیا میں جہاں بیٹھا ہے پاکستان کے جس ضلع میں بھی رہائش پذیر ہے وہ اپنے آپ کو تحریک کا قائد سمجھے اور ہر جگہ اس تحریک کو عام کرے۔ تاکہ ہم ضلع جھنگ کی گلی گلی، نگر نگر اور قریہ قریہ میں اپنی دعوت عام کرسکیں۔ جس دن ہماری دعوت عام ہوگی ہمارا حق ہمیں مل جائے گا۔ یوم تاسیس پر جہاں ہم نے پوری جماعت کو اپنی سابقہ کارکردگی سے آگاہ کیا ہے وہیں آئندہ کا لائحہ عمل دے رہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں ہم لاہور احتجاجی پریس کانفرنس کریں گے دوسرے مرحلے میں ہر مقامی سیاستدان کے حلقہ کے ہیڈ کوارٹر میں احتجاج کریں گے ابھی تک صرف دو نمائندوں نے اسمبلی میں آواز بلند کی ہے باقی سب آرام فرما رہے ہیں اور جو ہارے ہوئے ہیں اور حکومتی جماعت کے ٹکٹ ہولڈر ہونے کی وجہ سے ضلع چلا رہے ہیں۔ وہ اپنی حکومت پر دباؤ ڈالیں ویڈیو بیان جاری کریں۔ جو آواز بلند نہ کریں گے ان کے حلقوں میں احتجاج ہوگا اور تیسرے مرحلے میں ہم لاہور پنجاب اسمبلی کے سامنے دھرنا دینگے تاکہ جھنگ کے شہریوں کو انکا حق مل سکے۔ اسکے علاوہ مدنی خان صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہوش کے ناخن لے تنگ آمد بجنگ آمد ہمیں احتجاج کرنا پڑے گا اور حق لینے کے لیئے نکلنا پڑا گا۔ ہم جھنگ کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ہماری جدوجہد جھنگ کے باسیوں کی خیرخواہی کے لیئے ہے۔

بقیہ 43

ن لیگی رہنما نے کہا کہ فتنے، فساد اور انتشار کی سیاست کو دفن کردیا اب صرف کام ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ باقی صوبوں کے ترجمان ہمت کریں اور اپنے وزرائے اعلیٰ کی کارکردگی قوم کے سامنے پیش کریں۔

بقیہ 44

دورہ اہمیت کا حامل ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ باکو میں ہونیوالے مشترکہ بزنس فورم سے تعاون کی نئی راہیں کھلیں گی، پاکستان سے 85 کمپنیاں بزنس فورم میں شریک ہورہی ہیں، دونوں ملکوں کی 150 سے زیادہ کمپنیوں کے وفود فورم میں شریک ہیں۔ جام کمال نے کہا کہ آئی ٹی، زراعت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون میں اضافہ ترجیح ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے 12 پروٹوکولز پر دستخط ہوچکے ہیں، وزیر تجارت دو طرفہ تجارت میں اضافے کیلئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔

بقیہ 45

5 ٹرانسپلانٹ آپریشن بالکل مفت ہوں گے۔ چیف منسٹر ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت جگر ٹرانسپلانٹیشن مفت ہوگی۔ چیف منسٹر ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت گردوں کی پیوندکاری فری کی جائے گی۔ چیف منسٹر ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت بون میرو ٹرانسپلانٹ پر مریض کو خطیر رقم خرچ نہیں کرنا پڑے گی۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ عام آدمی سرکاری خرچ پر کورنیا کی پیوند کاری کرا سکے گا۔ پیدائشی طور پر سماعت سے محروم کمسن بچوں کے لئے کوکلیئر امپلانٹ بھی حکومت کرائے گی۔ چیف منسٹر ٹرانسپلانٹ پروگرام سے مستفید ہونے کے لئے پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی سے رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ پھاٹا میں رجسٹریشن کے بعد چیف منسٹر ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت جگر، گردوں، بون میرو، کورنیا کی ٹرانسپلانٹیشن کرائی جاسکے گی۔ سرکاری ہسپتالوں کے علاوہ مخصوص نجی ہسپتالوں سے آرگن ٹرانسپلانٹ کرایا جاسکے گا۔ آرگن ٹرانسپلانٹیشن کے لئے وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ٹال فری نمبر 09009- 0800 بھی فنکشنل کردیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ریاست کو ہر شہری کا احساس ہے، اپنا فرض نبھائیں گے۔ ٹرانسپلانٹیشن بہت پیچیدہ اور مہنگا پراسیس ہے، عام آدمی افورڈ نہیں کرسکتا ہے، اب یہ فرض ریاست ادا کرے گی۔ کوکلیئر امپلانٹ سے سماعت کی بحالی کے بعد بچے نارمل زندگی گزار سکیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جگر اور گردوں کی ٹرانسپلانٹیشن کے اخراجات حکومت اٹھائے گی، مریض پر بوجھ نہیں بنے گا۔ کورنیا کی کامیاب پیوندکاری سے بصارت سے محروم افراد نارمل زندگی گزار سکیں گے۔

بقیہ 46

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے نیشنل کالج آف آرٹس لاہور کے طلبا اور اساتذہ سے خصوصی ملاقات کی جس میں انھوں نے کھلے دل سے مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ اس دوران این سی اے کے طلباء نے ڈی جی آئی ایس پی آر سے پاکستان کی اندرونی و بیرونی سیکیورٹی صورتحال سمیت مختلف امور پر سوالات کیے۔ طلبا کا کہنا تھا کہ اس سیشن نے پاک فوج کے حوالے سے ان کے ذہنوں میں موجود کئی شبہات کو دور کرنے میں مدد دی ہے۔ نشست کے اختتام پر اساتذہ اور طلباء نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی ایسے سیشنز کا انعقاد ہونا چاہیے تاکہ غلط معلومات اور غلط فہمیوں کا موثر تدارک کیا جاسکے۔ پروفیسر شہناز ملک نے اس موقع پر کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ زلزلہ ہو، کورونا ہو یا کوئی اور قدرتی آفت، پوری قوم سب سے پہلے پاک فوج کی طرف دیکھتی ہے، فوج نے کبھی قوم کو مایوس نہیں کیا۔ این سی اے کے اساتذہ اور طلباء نے اس خصوصی نشست کے انعقاد پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔

بعدالت جناب چوہدری محمد بلال خان صاحب

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح وخرچہ نان ونفقہ' بعنوان: مسماۃ نسرین وغیرہ بنام محمد سلیم' اخبار اشتہار: محمد سلیم ولد معراج دین سکنہ چونگی امرسدھو Chatrawan روڈ گجر کالونی آرمی کوارٹر لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 24-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قمر زمان صاحب

سول جج گارڈین کورٹ فیروزوالہ

درخواست برائے حصول اجازت فروختگی جائیداد' بعنوان: عبدالستار بنام عوام الناس وغیرہ' عبدالستار ولد محمد صدیق ٹھٹھہ تاؤاں ڈاکخانہ باٹا پور لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقررہ 24-02-2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب منزہ افضل صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح' بعنوان: عذرا بی بی بنام محمد طارق' اخبار اشتہار: محمد طارق ولد محمد یوسف قوم رحمانی سکنہ گوپال پورہ Buddo Mheiy تحصیل وضلع نارووال بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 07-03-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب افضل حسن بٹ صاحب

سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح' بعنوان: نداء مشتاق بنام محمد تنویر' اخبار اشتہار: محمد تنویر ولد فقیر احمد ساکن محلہ سمسانی کھوئی نیو کیمپس شہر لاہور تحصیل وضلع لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 24-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چاکر کپہار تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب محمد انور ولد احمد علی متوفی بحق، وارثان بازگشت میں محمد سرور، سردار خاں برادران، قیوم بی بی، کلثوم بی بی (پہلے فوت شد)، جنت بی بی (پہلے فوت شد) ہمشیرگان متوفی کے وارث میں شامل ہے اس کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ 47

کشمیر امور انجینئر امیر مقام ارباب نیاز اسٹیڈیم کا نام بانی پی ٹی آئی عمران خان کے نام پر رکھنے پر خیبر پختونخوا حکومت پر برس پڑے۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا کہ اسٹیڈیم کا نام قومی مجرم کے نام پر رکھنا کسی صورت درست اقدام نہیں، عوام بانی پی ٹی آئی کا نام سننے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں۔ امیر مقام نے کہا کہ تاریخی مقامات سے نام ہٹانا تحریک انصاف کا وطیرہ بن چکا ہے، سوات میں نواز شریف کڈنی سینٹر کا نام بھی تبدیل کردیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت دوسروں کے کاموں پر اپنی تختیاں لگا کر جرم کی مرتکب ہورہی ہے۔

بقیہ 48

کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ پانچ ہزار تین سو تین کمپنیاں مصری شہریوں کی ملکیت میں رجسٹرڈ ہوئیں، چھبیس سو سے زائد برطانوی شہریوں نے بھی نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کروائیں۔ سترہ سو اٹھارہ کمپنیاں عراقی شہریوں کے نام سے رجسٹرڈ ہوئی، متحدہ عرب امارات میں پچھلے سال تیرہ سو چودہ کمپنیاں ترک شہریوں نے رجسٹرڈ کرائیں۔ پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے اس ضمن میں بتایا کہ متحدہ عرب امارات کی مارکیٹ میں پاکستانی سرمایہ کاروں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ پاکستانیوں کا دبئی میں کاروبار کیلئے آنا دونوں ملک کیلئے بہتر ہے، زیادہ سرمایہ کاری ملک کو واپس زیادہ ترسیلات بھیجنے میں مدد دے گا۔

بعدالت جناب سائرہ ارشد چیمہ صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع' بعنوان: نادیہ بنام اظہر اقبال' اخبار اشتہار: اظہر اقبال ولد اللہ رکھا چوہدری سکنہ مکان نمبر 2 شاہد سٹریٹ غوثیہ پارک لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 26-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بچوں محمد عمر، محمد عظیم، محمد عامر، عمارہ، محمد عمیر، محمد ادریس، اپنی بیوی کو طلاق دینے کی وجہ اور نافرمانی گستاخی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد میں ان کے کسی بھی قول وفعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہونگا۔ میری بیوی اور بچوں سے میری جان کو خطرہ ہے۔ سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: ندیم انور ولد محمد انور سکنہ محلہ حبیب پارک گلی نمبر 6 بادامی باغ لاہور۔

بعدالت جناب محمد عثمان صاحب

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: سیکشن 23 فیملی' بعنوان: سلیم الیاس ہیلڈر بنام ایڈمنسٹریڈ یونین کونسل وغیرہ' سلیم الیاس ہیلڈر ولد مشل جوزف ہیلڈر ساکن مکان نمبر 388 گلی نمبر A-2 مکہ کالونی گلبرگ III لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقررہ 05-03-2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب رانا محمد قیصر شفیق صاحب/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ننکانہ صاحب

نوٹس بنام عوام الناس' ہرگاہ ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی محمد عبدالغفور ولد احمد علی قوم رحمانی ساکن موضع بڑاگھر تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب جو کہ مورخہ 18 ستمبر 2019 کو فوت ہوگیا تھا جس کی وراثتی اراضی موضع بڑاگھر تحصیل وضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں شریفاں بی بی بیوہ، عبدالغفور، زندہ، عامر اعجاز زندہ، شفیق زندہ، محمد شہباز زندہ، محمد شہزاد زندہ برادران، مسماۃ شکیلہ سجاد، عاصمہ بی بی ہمشیرگان متوفی کو متوفی کے وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اشاعت اخبار سے سات دن کے اندر اندر دفتر ہذا آکر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ نصیب خاں ولد کنول خاں قوم راجپوت میو سکنہ موضع دلباغ رائے تحصیل و ضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں جن کی وراثت کے لیے رجوع کیا گیا ہے جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان محمد رشید، خورشید، نصیر احمد، رشیداں بی بی، حبیبن بی بی، خورشید بی بی، مقصوداں بیگم پسران ودختران متوفی کے نام درج کیے گئے ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے۔ اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ محمد اسلم ولد محمد شریف قوم راجپوت کھوکھر سکنہ چک نمبر 32/2L تحصیل و ضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں جن کی وراثت کیلئے رجوع کیا گیا ہے جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان شازیہ بی بی بیوہ متوفی، سمیع اللہ اسلم، کلیم اللہ، سائرہ اسلم، مریم اسلم، جنت اسلم پسران و دختران متوفی کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے اسکے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ رانی بی بی بیوہ کالا دختر سلطان قوم جٹ لونا سکنہ چک نمبر 20/GD تحصیل وضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئی ہیں۔ جن کی وراثت کے لیے رجوع کیا گیا ہے جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان منیر حسین (بعد میں فوتشد)، نذیر احمد، عبدالمجید، گلاں بی بی پسران ودختر متوفیہ کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ 49

مسعود ظفر کا اپنی کتاب کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ کتاب لکھنے کا خیال اس طرح آیا کہ یہ حادثہ بہت منفرد اور سبق آموز تھا، اللہ نہ کرے کہ اس کا کسی کو سامنا ہو، کتاب کے اندر میں نے اپنے تجربات لوگوں کے ساتھ شیئر کیے ہیں۔

بقیہ 50

پنجاب یونیورسٹی سردار سلیم حیدر خان کی زیر صدارت پنجاب یونیورسٹی کا 134 واں جلسہ عطائے اسناد بروز سوموار آج (پیر) صبح 10:30 بجے فیصل آڈیٹوریم میں ہوگا جس میں انڈر گریجویٹ، ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے 2024ء میں کامیاب ہونے والے تمام شعبہ جات کے طلباؤ طالبات کو گولڈ میڈلز اور اسناد دی جائیں گی۔

بقیہ 51

رپورٹ کے مطابق ریڈیو بیگم کا آغاز مارچ 2021 میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر کیا گیا تھا، یہ ریڈیو اسٹیشن طالبان کے اقتدار میں آنے سے 5 ماہ قبل امریکی اور نیٹو افواج کے انخلا کے دوران شروع کیا گیا تھا۔

بعدالت جناب طلعت جاوید صاحب

سول جج گارڈین کورٹ لاہور

درخواست زیردفعہ 7 گارڈین' بعنوان: عامر بلال اسماعیل وغیرہ بنام عوام الناس' عامر بلال اسماعیل ولد محمد اسماعیل سکنہ 32 Kenbury Drive Slough Berkshire SLI5FX United Kingdom حال مقیم M-13 بلاک M قیصر ٹاؤن شاہدرہ لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقررہ 25-02-2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب محمد عثمان صاحب

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: نان ونفقہ' بعنوان: عائشہ یامین بنام ظہیر الدین' اخبار اشتہار: ظہیر الدین ولد محی الدین ساکن مکان نمبر 14 گلی نمبر 57 الحمد پارک راوی روڈ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 25-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد عثمان صاحب

سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح' بعنوان: عقیقہ حمزہ بنام محمد حمزہ' اخبار اشتہار: محمد حمزہ ولد محمد شاہد ساکن مکان نمبر 81/1 بلاک R فیز II گلی نمبر 2 DHA لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے بذریعہ اشتہار اخبار میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 25-02-2025 بوقت 09 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع اسلام پور تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب فاطمہ بی بی دختر مندا بیوہ باقر علی متوفیہ بحق، وارثان بازگشت میں محمد یٰسین (پہلے فوت شد)، محمد حنیف (بعد میں فوت شد) پسران، بشیراں بی بی نذیراں بی بی، زبیداں بی بی، خالدہ پروین دختران، نور احمد، ظہور احمد، مدثر یسین پوتے، صفیہ بی بی، رفعت بی بی، رفعت کوثر پوتیاں متوفیہ کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ظہیر احمد صاحب

تحصیلدار تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع 20A ٹو ایل (کوچہ فاروق) تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب محمد صدیق ولد برکت علی عرف نور محمد قوم بھٹی متوفی بحق وارثان بازگشت میں نصیب بی بی بیوہ (بعد میں فوت شد)، محمد رفیق، محمد شفیق پسران (پہلے فوت شدگان)، محمد اشفاق، ظفر اقبال، نوید اقبال پسران، زاہدہ پروین، شفقت پروین، دختران (بعد میں فوت شدگان)، شاہدہ پروین، راحت حمید دختران متوفی کے وارثان میں شامل ہیں (متوفی کی بیوہ نصیب بی بی کی وفات سے قبل متوفیہ کی دختران زاہدہ پروین اور شفقت پروین فوت ہو چکی ہیں) اسکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب شبانہ ساہی صاحبہ

فیملی جج جڑانوالہ

دعویٰ تنسیخ نکاح' شائلہ بنام مارٹن مچل' اخبار اشتہار بنام مارٹن مچل ولد عبدالرحمٰن سکنہ مکان نمبر 574 سی بی گلی نمبر 5 محلہ ڈھیری حسن آباد راولپنڈی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ/ مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے۔ لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 25-02-2025 کو بوقت 9:00 بجے صبح میرے روبرو اصالتاً / وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتا ہے ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب AC1 اوکاڑہ

وراثتی انتقال۔ منیر حسین ولد کالا قوم جٹ لونا سکنہ چک نمبر 20 جی ڈی تحصیل وضلع اوکاڑہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں۔ جن کی وراثت کیلئے رجوع کیا گیا ہے جن کا وراثت انتقال نمبر درج رجسٹر ہو چکا ہے۔ بحق وارثان عائشہ بی بی بیوہ متوفی، قیصر عباس، ظہیر عباس، کوثر بی بی، نسیم بی بی، روبینہ بی بی، شافیہ بی بی، سادیہ پروین پسران ودختران متوفی کے نام درج کیے گئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو تو اخبار اشتہار کی اشاعت کے بعد اندر سات یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے۔ اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

مسلسل سیکھنے کی طاقت: کامیاب اور باشعور لوگوں کو سننا کیوں ضروری ہیں؟

شیشہ

اظہر مجید

آج کی تیز رفتار ڈیجیٹل دنیا میں، مسلسل سیکھنا صرف ایک آپشن نہیں بلکہ ایک ضرورت بن چکا ہے۔ روایتی تعلیم کی اپنی جگہ ہے، لیکن آن لائن کورسز اور متاثر کن اسپیکرز کے لیکچرز کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایک جملہ، ایک نظریہ یا ایک سیشن آپ کی زندگی میں ایسا انقلاب لا سکتا ہے جو ہمیشہ قائم رہے۔

درج ذیل چند وجوہات پیش ہیں جن کی بنا پر آپ کو بہترین اسپیکرز کے سیشنز میں شرکت کرنی چاہیے۔

.1 اپنے سوچنے کا انداز بدلیں

ہماری سوچ زیادہ تر ماضی کے تجربات اور ماحول کے زیرِ اثر کام کرتی ہے۔ متاثر کن اسپیکرز کے خیالات سننے سے ہمیں اپنی محدود سوچ سے باہر نکلنے اور نئے زاویوں سے سوچنے کا موقع ملتا ہے، جو تخلیقی صلاحیتوں اور اختراعات کو فروغ دیتا ہے۔

.2 اپنی سوچنے کی صلاحیت کو بہتر بنائیں

عظیم اسپیکرز ہمیں اپنی سوچ اور نظریات کو چیلنج کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ وہ ہمیں سکھاتے ہیں کہ مفروضوں پر سوال اٹھائیں، اپنی سوچ کے دائرے کو وسیع کریں اور دنیا کو متوازن اور بہتر نقطہ نظر سے دیکھیں۔

.3 اپنی فیصلہ سازی اور تجزیاتی صلاحیتوں کو نکھاریں۔

آن لائن سیشنز میں ملنے والی منظم اور بامقصد گفتگو آپ کی فیصلہ سازی اور مسائل کے حل کی مہارتوں کو بہتر بناتی ہے۔ ماہرین سے سیکھنے سے آپ کو پیچیدہ مسائل کو سمجھنے اور مؤثر طریقے سے گفتگو کرنے کے نئے طریقے معلوم ہوتے ہیں۔

.4 ایک جملہ جو ہمیشہ یاد رہے

کبھی کبھی کوئی ایک جملہ یا ایک سوچ ہمارے دل میں بس جاتی ہے اور سالوں تک ہمارے خیالات اور فیصلوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ صحیح الفاظ، صحیح وقت پر، صحیح انداز میں کہے جائیں تو زندگی میں بڑی تبدیلی لا سکتے ہیں۔

.5 تجسس، زندگی میں بڑی تبدیلیوں کا باعث بنتا ہے۔

عظیم ذہنوں سے سیکھنے سے تجسس پیدا ہوتا ہے، جو ترقی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ جتنا آپ سوال کریں گے اور نئے خیالات کو دریافت کریں گے، اتنے ہی زیادہ نئے مواقع آپ کے راستے میں آئیں گے۔

.6 اپنی لغت کو وسعت دیں اور خود اعتمادی میں اضافہ کریں

ماہرین سے سیکھنے سے آپ کو نئے الفاظ، صنعتی اصطلاحات اور پیشہ ورانہ الفاظ کا ذخیرہ ملتا ہے، جو آپ کی گفتگو اور اعتماد کو بہتر بناتا ہے۔ یہ صلاحیتیں آپ کو ایک بہتر پریزنٹر، استاد، یا رہنما بننے میں مدد دیتی ہیں۔

.7 صحیح قافلے کے ساتھ شامل ہو کر اپنی منزل پائیں۔......اگر آپ کسی منزل تک پہنچنا چاہتے ہیں لیکن راستہ نہیں جانتے، یا آپ کے پاس وسائل نہیں ہیں، تو بس ایسے قافلے کا حصہ بن جائیں جو اسی سمت جا رہا ہو۔ کامیاب لوگوں کے ساتھ رہنے سے وہ آپ کو صحیح سمت میں لے کر جائیں گے۔ بعض اوقات صرف صحیح ماحول میں رہنا ہی کامیابی کے لیے کافی ہوتا ہے۔

حتمی نتیجہ: ماہرین سے سیکھنے میں وقت لگانا آپ کے بہترین فیصلوں میں سے ایک ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کی سوچ، مہارت اور مستقبل کو نئی شکل دے سکتا ہے۔ تو چاہے وہ آن لائن کورس ہو، TED ٹاک ہو، یا کوئی ورچوئل سیمینار، ہمیشہ باصلاحیت لوگوں سے سیکھنے کی عادت اپنائیں، ہو سکتا ہے کہ آپ کی اگلی بڑی کامیابی بس ایک سیشن کی دوری پر ہو۔

شورکوٹ میں رمضان بازاروں کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر اسمندیار کر رہے ہیں

شورکوٹ میں رمضان بازار لگانے کیلئے جائزہ اجلاس کا انعقاد

فروٹ، سبزیاں، چکن، گوشت اور کریانہ کے سٹالز لگائے جائینگے' اسسٹنٹ کمشنر

تمام اشیاء خوردونوش سستی اور معیاری فراہم کی جائیں گی' اسمندیار کی بات چیت

شورکوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت کے مطابق رمضان بازار لگانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) اسمندیار نے ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق میٹنگ میں ڈی ایس پی سرکل شورکوٹ محمد نواز گھمن انچارج سپیشل برانچ انسپکٹر احمد بخش سیکیورٹی ادارے ایس ڈی او میونسپل کمیٹی محمد عمران ایم ایس تحصیل کوارٹر ہسپتال ڈاکٹر ماریہ امداد۔ محمد حسین تاج صدر انجمن تاجران، حاجی محمد اشرف چوہدری، ولی خان، رانا جمشید علی، حاجی نزیر احمد چوہدری غلام شبیر طاہر چیئرمین انجمن تاجران اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ اسفندیار نے کہا کہ رمضان بازار کے اندر فروٹ، سبزیاں، چکن، مٹن، بیف اور کریانہ، کے اسٹال لگائے جائیں گے ان پر تمام اشیاء خوردونوش سستی اور معیاری فراہم کی جائیں گی رمضان بازار میں سیکیورٹی اور صحت کی تمام سہولیات موجود ہوں گی انجمن تاجران کے نمائندوں نے یقین دلایا کہ رمضان بازار میں تمام تر اشیائے خورد و نوش مناسب اور اچھی فراہم کی جائیں گی اور ماہ رمضان میں تاجر برادری انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔ اور مارکیٹ کمیٹی کو ہدایت جاری کی گئی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر سبزی منڈی میں ریٹ کی

بقیہ نمبر1

غزل

دشمن نے ہر مقام پہ اچھا نہیں کیا
لیکن میں اعلی ظرف تھا حملہ نہیں کیا
راہِ انا میں چھوڑ کے ٹھوکر پہ اختلاف
رستہ بدل کے چل لیا جھگڑا نہیں کیا
کر لیں حصولِ حق میں ہی محرومیاں قبول
کچھ بھی ہو اپنے ظرف کا سودا نہیں کیا
ہم وہ ہیں جن کی راہ میں صحرا ہے دور تک
ہم پہ تو بادلوں نے بھی سایہ نہیں کیا
خود سے نکل کے میں کہیں کھو جاؤں گا عقیل
خود کو یہ سوچ کر کبھی تنہا نہیں کیا

سید عقیل شاہ
(لاہور)

ننکانہ صاحب، بابا گورونانک یونیورسٹی میں ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور سٹیٹ بنک آف پاکستان کے اشتراک سے ایک روزہ آگاہی پروگرام کے بعد گروپ فوٹو

خواتین کیلئے آسان بینک اکاؤنٹس کھولنے کیلئے مہم کا آغاز

بابا گورونانک یونیورسٹی طالبات میں بیداری پھیلانے کیلئے مہم میں حصہ لینے کیلئے نامزد

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کی مالی شمولیت کو بڑھانے کے لیے حکومت پنجاب کے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے مالیاتی خواندگی کو فروغ دینے اور خواتین کے لیے اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں آسان اکاؤنٹس کھولنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے مالی شمولیت کی مہم شروع کی ہے تفصیلات کے مطابق بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کو تمام طالبات میں بیداری پھیلانے کے لیے اس مہم میں حصہ لینے کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ بینک الحبیب اور MCB اسلامک بینک کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے نامزد کیا ہے، جو طلباء کو اکاؤنٹس کھولنے اور خواتین کے نمایاں بینکنگ کارڈز حاصل کرنے کے لیے ضروری تعاون فراہم کر کے ضروری انتظامات کو آسان بنائیں گے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر افضل اور رجسٹرار مبشر طارق نے بابا گرو نانک یونیورسٹی ننکانہ میں ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اشتراک سے ایک

بقیہ نمبر2

ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 جھنگ سنٹرل اسٹیشن پر اینٹی ٹیرارسٹ موک ایکسرسائز کا کامیاب انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ریٹائرڈ) بلال احمد کیانی کی ہدایت کے مطابق ریسکیو 1122 سنٹرل اسٹیشن میں اینٹی ٹیرارسٹ موک ایکسرسائز کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ اس مشق میں پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، بم سکواڈ، پولیس 15، ایلیٹ فورس، سرکاری ہسپتالوں، اور دیگر متعلقہ اداروں نے حصہ لیا۔ مشق کے دوران ایک فرضی صورتحال پیدا کی گئی،

بقیہ نمبر3

ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے مالیاتی خواندگی کو فروغ دینے کیلئے
بابا گورونانک یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء کا وائس چانسلر ڈاکٹر افضل' رجسٹرار مبشر طارق کے ہمراہ گروپ فوٹو

پرائمری سکول خیر کے کاٹھیا چیچہ وطنی میں سولر سسٹم کا افتتاح

سی ای او ساہیوال راحیلہ جمیل نے نئے کمرہ جات کی تعمیر کا افتتاح بھی کیا

سکول میں صفائی، چاکنگ، نظم وضبط، صفائی ستھرائی دیکھ کر خوشی ہوئی' راحیلہ جمیل

چیچہ وطنی (، نامہ نگار) چیف ایگزیکٹو آفیسر ساہیوال میڈم راحیلہ جمیل نے پرائمری سکول خیر کے کاٹھیا میں سولر سسٹم اور نئے کمرہ جات کی تعمیر کا افتتاح کر دیا، مرکز اولڈ چیچہ وطنی کی اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر محترمہ فوزیہ انور اور ان کے سکول جی جی پی ایس خیر کے کاٹھیا کی جانب سے سولرائزیشن اور سکول انتظامیہ، علاقے کے لوگوں اور سکول فنڈز سے تعمیر کیے گئے 2 کمروں کے افتتاح کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر تعلیم محترمہ راحیلہ جمیل اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محترمہ رضیہ سلطانہ نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی اور سولر سسٹم اور نئے کمرہ جات کی تعمیر کا افتتاح کیا، سی ای او تعلیم محترمہ راحیلہ جمیل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سکول

بقیہ نمبر4

موجودہ حالات میں کاروبار کو سہولیات دینے کی ضرورت ہے' اشرف بھٹی

لاہور (کامرس ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں کاروبار کو سہولیات مہیا کرنے کی اشد ضرورت ہے، حکومت ٹیکس دہندگان کو عزت اور احترام دے، ملک بھر میں لاکھوں کی تعداد میں تاجر حکومت کو سالانہ اربوں روپے ٹیکسز کی ادائیگی کرتے ہیں لیکن ہمارے دیرینہ مسائل حل نہیں کیے جاتے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر حکومت

بقیہ نمبر5

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت · لوح قلم کی حرمت کا پاسبان · Member APNS/CPNE · ABC CERTIFIED
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی
منیجنگ ایڈیٹر عمران انجم
ریذیڈنٹ ایڈیٹر اقبال ہارپر

روزنامہ ''قدامت'' لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیر محل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کورٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول دیپالپور میاں رفیق کیلئے تقریب

عشائیہ میں ضلع سے بھر سیاسی، سماجی و تعلیمی اداروں کے سربراہان کی شرکت

میاں رفیق کی گرانقدر علمی خدمات سنہری حروف میں لکھی جائینگی' مقررین

اوکاڑہ (تنویر احمد شاہین) پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول دیپالپور ٹاؤن میاں رفیق احمد وٹو کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر انکے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ دیا گیا جس میں ضلع بھر سے سیاسی سماجی و تعلیمی اداروں کے سربراہان نے بھرپور شرکت کی خدمات کو سراہا گیا ماہر تعلیم میاں رفیق احمد وٹو کی ریٹائرمنٹ پر زنل میرج ہال پاکپتن روڈ دیپالپور میں زیر اہتمام پرنسپل ادارہ غلام غوث اسد و جملہ سٹاف ممبران دیا گیا، اس موقع پر ضلعی ماہرین تعلیم کی خصوصی آمد پر انکا پرتپاک استقبال کیا گیا، قبل ازیں انہوں نے شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز ادارہ گورنمنٹ ہائی سکول دیپالپور ٹاؤن میں پودے لگا کر کیا۔ بعدازاں میاں رفیق احمد وٹو کی طویل عرصہ تک مثالی تدریسی خدمات پر، بالخصوص گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 حویلی لکھا کو مثالی ادارہ بنانے اور انہیں سولر سسٹم کا عطیہ بدست حویلی لکھا کی معروف سماجی شخصیت سابق طالب علم سلیم نذر آف ساؤتھ افریقہ سے دلوانے پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ پنجاب بھر سے تشریف لائے ہوئے آفیسران مینیجنگ ڈائریکٹر ٹیچرز فاؤنڈیشن پنجاب و ڈائریکٹر سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال ڈویژن وزیر احمد آغا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری جمیل احمد رضوی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری ڈاکٹر عطاء محمد ظہیر، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دیپالپور رب نواز ثاقب، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر رینالہ خورد سید فرید الحسن شاہ، ہائی سکولز ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن کے ضلعی سینئر نائب صدر ڈاکٹر محمد شفیق طاہر، معروف علمی شخصیات میاں عبیداللہ ڈولہ، سینئر جرنلسٹ محمد احمد ساجد آف حویلی لکھا نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میاں رفیق احمد وٹو ایک عہد ساز شخصیت ہیں جنہیں ملتے ہیں انہیں اپنے اخلاق کی بدولت اپنا گرویدہ بنالیتے ہیں انکے اعلیٰ اخلاق کی بدولت انہیں ضلع اوکاڑہ ہی نہیں بلکہ پورے پنجاب میں انکی بے پناہ صلاحیتوں، اعلیٰ اخلاق کی بدولت بے مثال کامیابیوں نے انکے قدم چومے، جہاں بھی گئے ایک داستان چھوڑ آئے، انہوں نے اپنی سرپرستی میں ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ہائی سکولز ضلع اوکاڑہ کا خوبصورت گلدستہ تشکیل دیا جس کی نظیر معاشرے میں بہت کم ملتی ہے، انکی گرانقدر علمی خدمات ہمیشہ سنہری حروف میں لکھی جائیں گی۔ میاں رفیق وٹو نے تمام معزز مہمانان گرامی، آفیسران اور شرکاء کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا۔

☆مرکزی جمعیت اہلحدیث ننکانہ کے ذمہ داروں کا اجلاس' اہم امور کا جائزہ☆

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائینگے' عتیق الرحمٰن اظہر

تحفظ ناموس رسالت، دفاع صحابہ اور اتحاد امت ہمارے کلیدی مقاصد ہیں' شرکاء

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع ننکانہ کے ذمہ داران کا اہم اجلاس جس کی صدارت ضلع مرکزی امیر مولانا عتیق الرحمٰن اظہر نے کی' تفصیلات کے مطابق عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ، ناموس رسالت، دفاع صحابہ اور اتحاد امت ہمارے کلیدی مقاصد ہیں۔ ان مقاصد کی تکمیل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے' ان خیالات کا اظہار مولانا عتیق الرحمٰن اظہر ضلعی امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ننکانہ نے جماعت کے ضلعی اجلاس مسجد

بقیہ نمبر6

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع ننکانہ کے اجلاس کی صدارت علامہ عتیق الرحمٰن اظہر کر رہے ہیں

غزہ کی تعمیر نو کیلئے عالمی فنڈ کا قیام ناگزیر ہے: محمد علی

فلسطینیوں کی بحالی اور آبادکاری کیلئے عالمی ضمیر اپنا کلیدی کردار ادا کرے

اسرائیل نے جو نقصان پہنچایا اس عالمی برادری اس کا مداوا کرے' بیان

لاہور (جنرل رپورٹر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ پنجاب کے صوبائی نائب صدر محمد علی نے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کو جوش نہیں ہوش کی ضرورت ہے۔ وہ کیوں دنیا کو مزید تنازعات اور تصادم کی آگ میں جھونک رہے ہیں۔ غزہ میں اسرائیلی جارحیت بند ہونے سے فلسطینیوں کی محرومیاں ختم نہیں ہوں گی۔ غزہ کی تعمیر نو کیلئے عالمی فنڈ کا قیام ناگزیر ہے۔ مقتدر قوتوں کے آشیرباد سے اسرائیل نے جو نقصان پہنچایا، اب عالمی برادری کی طرف سے اس کا مداوا کیا جائے۔ اسرائیلی جارحیت سے بری طرح متاثر ہونیوالے فلسطینیوں کی بحفاظت غزہ میں واپسی، بحالی اور آبادکاری کیلئے

بقیہ نمبر9

پاک فوج کے ہاتھوں فتنہ خوارج فنا ہونگے: کامران بازئی

اپنے خون سے پاکستان میں امن کی آبیاری کرنیوالے شہداء ناقابل فراموش ہیں

پاک مٹی کے بہادر سپوت پاکستان کی حفاظت کے عہد پر کاربند ہیں' بیان

لاہور (جنرل رپورٹر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ بلوچستان کے صوبائی صدر کامران خان بازئی نے کہا ہے کہ قیام امن کیلئے فتنوں کو کچلنا ہمارے جانبازوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور مہارت کا طرۂ امتیاز ہے۔ افواج پاکستان سے وابستہ فرض شناس آفیسرز اور سرفروش جوان پاکستان کی حفاظت کے عہد پر کاربند ہیں۔ پاکستان کی دفاعی قیادت باصلاحیت اور دشمنان وطن کیخلاف سربکف ہے۔ ہم وطن اپنے پروفیشنل اور نڈر سپہ سالار جنرل سیّد عاصم منیر کی قدر، ان پر فخر بلکہ رشک کرتے ہیں۔ کامران خان بازئی نے مزید کہا کہ پاک فوج کے ہاتھوں فتنہ خوارج فنا ہوں گے، ان کا صفایا نوشتہ دیوار ہے۔ اپنے خون سے پاکستان میں پائیدار امن کی آبیاری کرنیوالے شہدا ناقابل فراموش ہیں، بانیان پاکستان اور شہیدوں کے احسانات کا قرض نہیں چکایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک سے دراندازی

بقیہ نمبر10

نیشنل کالج شورکوٹ میں فن فیئر کی رنگارنگ تقریبات

صحرائی وخلائی دنیا، پانی ذرائع، درختوں کی اہمیت سمیت متعدد ماڈلز پیش

کھانے پینے اور کھیلوں کے سٹالز قائم' طلباء والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی

شورکوٹ (تحصیل رپورٹر احمد حسن چوہدری) نیشنل کالج شورکوٹ میں دو روزہ فن فیئر کا آغاز ہوا۔ تقریبات کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ فن فیئر کا مقصد بچوں کو تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ دورِ حاضر کے رجحانات کو عملی طور پر سکھانا ہے۔ فن فیئر میں صحرائی دنیا، خلائی دنیا، پانی کے ذرائع، درختوں کی اہمیت اور قدرتی ذرائع کے مفید استعمال کو ماڈلز کی صورت میں پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف کھانے پینے کی چیزوں اور کھیلوں کے سٹالز بھی لگائے گئے۔ طلباء اور شرکاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور ادارہ کی اس کاوش کو سراہا۔ فن فیئر کی تقریب

بقیہ نمبر12

نیشنل کالج شورکوٹ میں دو روزہ فن فیئر کی تصویری جھلکیاں

شہباز خاں روڑ پر تقریباً 15 سے 20 فٹ گہرا کھلا نالہ انتظامیہ کسی بڑے حادثے کی منتظر

قصور (بیورو چیف عباس علی بھٹی سے) سب سے مصروف ترین داخلی راستے پر 15 فٹ گہرا نالہ کھلا چھوڑا ہوا ہے شاید انتظامیہ چتوکی والے یا رائیونڈ روڈ والے جیسے کسی بڑے حادثے کے انتظار میں ہیں اس روڈ پر قصور کے ایم پی اے اور ایم این اے کا ڈیرہ بھی ایک سو میٹر کے فاصلے پر ہے آج تک کسی افسر نے اس طرف توجہ ہی نہیں دی جہاں پر دو طرفہ ٹریفک 24 گھنٹے چلتی ہے۔ ایک طرف مصروف ترین روڈ جبکہ دوسری طرف کچا راستہ ہے بالکل اس نالے کے ساتھ ہی ایک بہت اچھا سکول ہے جس کا نام *یونیک گروپ آف انسٹیٹیوشن قصور کیمپس* ہے۔ آج تک سکول انتظامیہ نے بھی اس معاملے

بقیہ نمبر13

محبوب علی خان
0300-9610182
زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو وزرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج وکھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروز پور روڈ لاہور

سیالکوٹ، ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال ڈسکہ کے دورہ کے دوران صفائی اور سپیشل ایجوکیشن سکول کا معائنہ کر رہے ہیں

اے پی این ایس کا روحانی ڈائجسٹ کراچی کے بانی پبلشر اور ایڈیٹر انچیف جناب خواجہ شمس الدین عظیمی کے انتقال پر ملال پر اظہار تعزیت

کراچی (نیوز ڈیسک) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی صدر ناز آفرین سہگل لاکھانی اور سیکرٹری جنرل سرمد علی نے اے پی این ایس کے عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے ماہنامہ روحانی ڈائجسٹ کراچی کے بانی پبلشر اور ایڈیٹر انچیف جناب خواجہ شمس الدین عظیمی کے انتقال پر ملال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اے پی این ایس نے ڈاکٹر وقار یوسف عظیمی کے والد محترم کے لیے مغفرت کی دعا کی ہے کہ خدا انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو اس سانحہ پر صبر جمیل عطا فرمائے۔

پاکستان کی سیاست جیل میں ناحق قید عمران خان کے گرد گھومتی ہے: مسرت جمشید چیمہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان کو پاکستان کی سیاست سے مائنس کرنے کے خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، عمران خان ملک وقوم کیلئے قید وبند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں اور ان کے عزم میں

بقیہ نمبر7

عقیدہ ختم نبوت پر ہر مسلمان کا پختہ ایمان ہے: قاری اعظم

لاہور (پ ر) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ

بقیہ نمبر8

''اُردو دنیا کی تیسری سب سے زیادہ بولی جانیوالی زبان''

اردو اور ہندی میں معمولی فرق' 32 کروڑ افراد کی مادری زبان انگریزی ہے

پنجابی پاکستان کی سب سے زیادہ مادری اور قدیمی زبان ہے' رابعہ راحیل

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ننکانہ صاحب دنیا بھر میں عالمی یوم مادری زبان منایا گیا پاکستان کی مادری زبان پنجابی ہے رابعہ راحیل تفصیلات کے مطابق پاکستان کی قومی زبان تو اردو ہے لیکن ہمارا ملک ایک کثیر الثقافتی ملک ہے جس میں مختلف ثقافتیں اور مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اس موقع پر معروف ثقافتی و سماجی رہنماء اور سول سوشل آرگنائزیشن ننکانہ صاحب ویلفیئر فاؤنڈیشن کی صدر رابعہ راحیل کا کہنا تھا کہ پنجابی پاکستان کی سب سے بڑی مادری اور قدیمی زبان ہے اور ہمیں اپنی مادری زبان پر فخر ہے' ہمیں اپنی قومی زبان اردو کے ساتھ ساتھ پنجابی بولنے پر فخر محسوس کرنا چاہیے' ماہرین لسانیات کا کہنا ہے کہ پاکستان میں مختلف لہجوں کے فرق سے 74 زبانیں بولی جاتی ہیں' ان زبانوں میں سندھی، پنجابی، پشتو، بلوچی، کشمیری اور سرائیکی زبانیں زیادہ مشہور ہیں جب کہ ان کے علاوہ ہندکو، براہوی، گجراتی اور بعض دوسری علاقائی زبانیں بھی بولی جاتی ہیں دنیا میں مجموعی طور پر 6 ہزار 809 زبانیں بولی جاتی ہیں' چین کی منڈری زبان دنیا میں سب سے زیادہ بولی

بقیہ نمبر14

چیف جسٹس کی ملاقاتیں خوش آئند ہیں: پنجاب بار کونسل

نظام انصاف میں اصلاحات کیلئے فی الفور پیشرفت کی جانی چاہیے' عرفان تارڑ

وکلاء نے ہمیشہ آئین کی سربلندی اور جمہوریت کی مضبوطی کیلئے کردار ادا کیا' گفتگو

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ نظام انصاف میں اصلاحات کیلئے فی الفور پیشرفت کی جانی چاہیے، بہت سے قوانین موجودہ دور سے ہم آہنگ نہیں ہیں جنہیں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے ضلعی عدلیہ میں بھی ججز کی تعداد کو پورا کیا جائے، پاکستان کو آگے لے جانے کیلئے ہر ادارے کو آئین میں متعین کردہ حدود میں رہنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کیلئے آنے والے وکلاء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل عرفان صادق تارڑ نے کہا کہ وکلاء نے ہمیشہ آئین کی سربلندی اور جمہوریت کی مضبوطی کیلئے کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اسی پر کاربند

بقیہ نمبر15

نوجوان صحافی نبیل رشید کو ہائیکورٹ کی اعزازی ممبر شپ مل گئی

اعزازی ممبر شپ ملنا اعزاز' کامیابی والد محترم کے نام کرتا ہوں' نبیل رشید پراچہ

لاہور (پ ر) نوجوان صحافی نبیل رشید پراچہ کو لاہور ہائیکورٹ کی اعزازی ممبر شپ دیدی گئی۔ ممبر شپ دینے کی تقریب لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن میں ہوئی۔ صدر لاہور ہائیکورٹ بار اسد منظور بٹ، نائب صدر سردار علی گہلن اور ترجمان بار احمد شیر جٹ نے اعزازی ممبر شپ کی سند نبیل رشید کو عنایت کی۔ اس موقع پر نوجوان صحافی نبیل رشید کا کہنا تھا کہ میرے لیے لاہور ہائیکورٹ بار کی اعزازی ممبر شپ ملنا اعزاز کی بات ہے بھرپور کوشش ہوگی میری اعزازی ممبر شپ بار کے عزت میں اضافے کا باعث بنے میں اپنی اس کامیابی کو اپنے والد مرحوم کے نام کرتا ہوں۔



نوجوان صحافی نبیل رشید پراچہ کو صدر بار اسد منظور بٹ، سردار علی گہلن اور احمد شیر جٹ لاہور ہائیکورٹ کی اعزازی ممبر شپ دے رہے ہیں

محلّہ قریشیانوالہ میں نشئی بھائی کے ہاتھوں بہن قتل

شورکوٹ (احمد حسن چوہدری) محلّہ قریشیانوالہ میں بھائی نے بہن کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق نشئی بھائی نے بہن کا گلا کاٹ کر اسے قتل کر دیا نشئی بھائی بہن سے نشے کیلئے خرچہ لیتا رہتا تھا گزشتہ کچھ دنوں سے وہ مکان بیچنے کی کوشش کر رہا تھا اور بہن

بقیہ نمبر11

امیر جماعت اسلامی نواں لاہور سیف الرحمٰن زرگر کی والدہ ماجدہ کا انتقال' نماز جنازہ ادا

نواں لاہور (باؤ جمیل مغل) امیر جماعت اسلامی نواں لاہور سیف الرحمٰن زرگر اور گورنمنٹ ٹیچر عبدالرحمٰن کی والدہ ماجدہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کو نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان 338 ج ب میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں جماعت اسلامی کی مقامی قیادت، عمائدین علاقہ اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

درست ترجیحات سے ملکی برآمدات بڑھ سکتی ہیں: شوکت ورک

اس وقت ہماری ریاست اور قومی سیاست کسی مس ایڈونچر کی متحمل نہیں ہوسکتی

لاہور (جنرل رپورٹر) ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کے آنھر، بانی ٹرسٹی اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شوکت بابر نے کہا ہے کہ درست معاشی ترجیحات سے ملکی برآمدات بڑھ سکتی ہیں، اس وقت ہماری ریاست اور قومی سیاست کسی مس ایڈونچر کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے برآمدات 60 ارب ڈالرز تک بڑھانے کی ہدایات خوش آئند ہیں۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر اپنی سحر انگیز قیادت اور بصیرت کے بل پر قومی معیشت کو واپس ٹریک پر لے آئے ہیں، عالمی برادری کا آرمی چیف جنرل سیّد عاصم منیر پر اظہار اعتماد پاکستان کے کام آگیا۔ ڈاکٹر شوکت نے مزید کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانیوالی سیاست قیادت یقیناً اپنی انتظامی صلاحیت کے بل پر اسے معاشی طاقت بنائے گی۔ وفاقی حکومت کی معاشی ترجیحات میں نواز شریف کی سودمند مشاورت کے مثبت اثرات سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ ٹیرف میں دوررس اصلاحات کے نتیجہ میں صنعتوں کی

بقیہ نمبر16

انسانی حقوق کے علمبردار صاحبزادہ میاں اشرف عاصمی ایڈووکیٹ
لاہور ہائی کورٹ بار کے سالانہ الیکشن میں ووٹ ڈال رہے ہیں



SUBHAN GRAMMER SCHOOL
(REDG)
انگلش میڈیم
سبحان گرائمر سکول
داخلہ جاری ہے
معیاری تعلیم
ہماری اولین ترجیح
SUBHAN GRAMMAR SCHOOL
Boys & Girls
Cambridge Syllabus
Activity Base Learning
Play Group to Class 8th
Contact # 0345-7860065
ایڈریس: گلی جامع مسجد رحمت چراغ آباد گوجرہ روڈ جھنگ

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق